## ساہتیہ اکادمی ایوارڈ ۲۰۲۴ء کا اعلان

# گگن گل ہندی اور ایسٹرن کرے انگریزی ایوارڈ کے لیے منتخب

### اردو، باڈلہ اور ڈوگری میں ایوارڈ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا، ۸ رمارچ ۲۰۲۵ء کو ایوارڈ دیئے جائیں گے




نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) ساہتیہ اکادمی نے آج 'ساہتیہ اکادمی ایوارڈ ۲۰۲۴ء' کا اعلان کردیا ہے۔ اکادمی کے سکریٹری کے سرینواس راؤ نے آج پریس کانفرنس کے دوران ۲۱ رزبانوں کے لیے ایوارڈز کا اعلان کیا ہے جس میں ۸ رشعری مجموعے، تین ناول، دو کہانی کے مجموعے، تین مضامین، تین ادبی تنقید، ایک ڈرامہ اور ایک تحقیقی کتاب شامل ہے۔ قابل ذکر ہے کہ اردو، باڈلہ اور ڈوگری میں ایوارڈ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ان ایوارڈز کی سفارش ۲۱ر ہندوستانی زبانوں کی جیوری کمیٹیوں نے کی تھی اور آج ساہتیہ اکادمی کے صدر مادھو کوشک کی صدارت میں منعقدہ اکادمی کے ایگزیکٹو بورڈ کی میٹنگ میں ان کی منظوری دی گئی ہے۔ ایوارڈ یافتہ کتابیں ہیں (شاعری مجموعے) کے لیے سمیر تانتی (آسامی)، دلیپ جھاویری (گجراتی)، گگن گل (ہندی)، کے جے کمار (ملیالم)، ہوئسنام ستیہ وتی دیوی (منی پوری)، پال کور (پنجابی)، مکوٹ منیراج (راجستھانی)، دیپک کمار شرما (سنسکرت)، (ناول کے لیے) ارن راجہ (بوڈو)، ایسٹرن کرے (انگریزی)، سوہن کول (کشمیری)، (کہانی کا مجموعہ کے لیے) یووا برال (نیپالی)، ہندراج بلوانی (سندھی)، (مضمون کے لیے) مکیش تھالی (کونکنی)، مہندر ملنگیا (میتھلی)، دیشب چرن سال (اوڈیا)، (ادبی تنقید کے لیے) کے وی نارائن (کنڑ)، سدھیر رسال (مراٹھی)، پینو گونڈا لکشمی نارائنا (تیلگو)، (ڈرامہ کے لیے) مہیشور سورین (سنتالی)، (تحقیق کے لیے) اے آر وینکٹ چلپتی (تمل) کے نام قابل ذکر ہیں۔ یہ ایوارڈز سال کے آخری پانچ سالوں (یعنی یکم جنوری ۲۰۱۸ء سے ۳۱ر دسمبر ۲۰۲۲ء) میں پہلی بار شائع ہونے والی کتابوں کو دیے جاتے ہیں۔ ایوارڈ کے لیے منتخب لوگوں کو ۸رمارچ ۲۰۲۵ء کو کمانی آڈیٹوریم نئی دہلی میں منعقد ہونے والی ایک پروقار تقریب میں ایک کندہ شدہ تانبے کی تختی، شال اور ایک لاکھ روپے کی رقم پر مشتمل یہ ایوارڈ پیش کیے جائیں گے۔